A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# ماڈل پیپر اسلامیات گریڈ 5

## عمومی ہدایات

1) طلباء و طالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پر نشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں ورنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہو سکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں۔ نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے۔ اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہو گا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہو گا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا ہے**۔ ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1۔ اسلام کے ارکان کی تعداد ہے۔

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| Q.1 | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

## حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات)

**وقت: 40 منٹ**

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 20 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔ صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ** پر لگانا ضروری ہے۔

Result.pk

**سوال نمبر 1- انسان کا نامہ اعمال تیار کرنے والے فرشتے کہلاتے ہیں۔**

(a) حضرت اسرافیل علیہ السلام اور عزرائیل علیہ السلام
(b) حضرت جبرئیل علیہ السلام اور اسرافیل علیہ السلام
(c) کراماً کاتبین
(d) منکر نکیر

**سوال نمبر 2- قرآن مجید میں کس کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟**

(a) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (b) صحابہ اکرامؓ
(c) بزرگانِ دین (d) تمام انبیاء

**سوال نمبر 3- انصار مدینہ کے پاس زیادہ تر کس پھل کے باغات تھے؟**

(a) آم (b) کھجور
(c) انگور (d) سنگترے

سوال نمبر 4- السلام علیکم کا بہترین جواب ہے۔

(a) السلام علیکم
(b) وعلیکم السلام
(c) وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ
(d) وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال نمبر 5- نماز ادا کرنے کا طریقہ اور زکوٰۃ کے نصاب کی تفصیل کس سے معلوم ہوتی ہے؟

(a) قرآن پاک
(b) قرآن پاک اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(c) سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(d) قرآن پاک اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سوال نمبر 6- قرآن پاک میں اکثر جگہ پر کن دو ارکان کا ذکر ایک ساتھ آیا ہے؟

(a) حج اور زکوٰۃ
(b) نماز اور زکوٰۃ
(c) زکوٰۃ اور حج
(d) نماز اور روزہ

سوال نمبر 7- جب ہندوؤں نے برصغیر میں اپنی حکومت کا منصوبہ بنایا تو مسلمانوں نے اس کی مخالفت کی کہ

(a) مسلمان اپنے دین میں پکے ہیں اگرچہ ان کی تعداد کم ہے۔ مذہب میں ہندوؤں سے مختلف ہے۔
(b) مسلمان معمولی اقلیت نہیں، کروڑوں کی تعداد میں ہیں۔ ان کا مذہب ہندوؤں سے مختلف ہے۔
(c) ہندوؤں کے ساتھ بڑے عرصے سے رہ رہے ہیں ان کی تعداد برابر ہے ان کی روایات ایک جیسی ہیں۔
(d) مسلمان اچھے حکمران ہیں مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہے مذہب ہندوؤں سے مختلف ہے۔

سوال نمبر 8- عید الفطر کی طرف اشارہ کرنے والے الفاظ ہیں۔

(a) ایک جیسا لباس، چکر کاٹنا
(b) خطبہ، قربانی
(c) فطرانہ، نئے کپڑے پہننا
(d) خوشبو لگانا، نئے کپڑے

سوال نمبر 9- غزوہ احد میں مسلمانوں اور کفار کے لشکر کی تعداد بالترتیب یہ تھی۔

(a) سات سو، تین ہزار
(b) تین سو تیرہ، دس ہزار
(c) تین سو تیرہ، ایک ہزار
(d) سات سو، دس ہزار

سوال نمبر 10- غزوہ احزاب میں مسلمانوں کے خلاف جنگ پر آمادہ کرنے والے لوگ تھے۔

(a) مختلف عرب قبائل اور یہودی
(b) عیسائی اور مشرک
(c) قریش اور عیسائی
(d) یہودی اور عیسائی

سوال نمبر 11- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن دو بری باتوں کو منافقت قرار دیا ہے؟

(a) تکلیف اور جھوٹ
(b) جھوٹ اور مکر و فریب
(c) جھوٹ اور وعدہ خلافی
(d) حسد اور وعدہ خلافی

Result.pk

سوال نمبر 12- کفایت شعاری کے متعلق ارشاد نبوی ﷺ ہے۔

(a) اپنا ہاتھ گردن کے ساتھ بندھا ہوا نہ رکھا اور اس کو مکمل طور پر نہ کھول دے۔

(b) مال خرچ کرتے وقت اپنا ہاتھ روک کر رکھو تا کہ محتاج نہ ہو۔

(c) بخل انتہائی قبیح عمل ہے اور کفایت کو اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں۔

(d) سخی اللہ کا دوست ہے اگر چہ گنہگار ہو۔ بخیل اللہ کا دشمن ہے اگر چہ عبادت گزار ہو۔

سوال نمبر 13- بردباری کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

(a) وہ شخص جو تند خو نہ ہو نرم خو ہو اور لوگوں کے قریب آنے والا ہو۔

(b) پہلوان وہ نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔

(c) مومن وہ لوگ ہیں جو غصے کو قابو میں رکھتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

(d) کیا میں تمھیں ایسے شخص کے بارے میں بتا دوں جو دوزخ کی آگ پر حرام ہے اور دوزخ کی آگ اس پر حرام ہے۔

سوال نمبر 14- تسمیہ میں اللہ تعالیٰ کی دو صفات کا ذکر ہوا ہے۔

(a) اَلرَّحْمٰنُ اور اَلْحَکِیْمُ (b) اَلرَّحِیْمُ اور اَلسَّلَامُ

(c) رَؤُوْفٌ اور رَحِیْمٌ (d) اَلرَّحْمٰنُ اور اَلرَّحِیْمُ

سوال نمبر 15- کن دو مواقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عفو و درگزر کی شاندار مثالیں قائم کیں

(a) سفر حج اور فتح مکہ (b) سفر شام اور سفر طائف

(c) سفر طائف اور فتح مکہ (d) فتح مکہ اور سفر شام

سوال نمبر 16- نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے انہیں

(a) مسجد نبویؐ میں ٹھہرایا اور ان کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا۔

(b) مسجد نبویؐ میں ٹھہرایا اور ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی

(c) مسجد نبویؐ کے قریب بٹھایا اور ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی

(d) مسجد نبویؐ سے باہر بٹھایا اور وفد کے سربراہ کو مسجد میں بلا کر بات کی

سوال نمبر 17- فضائل رمضان کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ مہینہ

(a) صبر کا ہے، صبر کا بدلہ جنت ہے، اس مہینے میں مومن بھوکا رہتا ہے

(b) صبر کا ہے، صبر کا بدلہ جنت ہے، اس مہینے میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے

(c) بھوکا رہنے کا ہے، اس میں مومن کا رزق کم کر دیا جاتا ہے، اس کے بدلے میں جنت ملے گی

(d) ہمدردی اور غم خواری کا ہے، اس میں مسافر اور بیمار پر روزہ لازم ہے۔

Result.pk

سوال نمبر 18- غزوہ بدر میں کفار کی طرف سے جب عتبہ، شیبہ اور ولید بن عتبہ نے للکارا تو مقابلہ کرنے والے صحابہ کے نام

(a) حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ، حضرت عبیدہؓ بن حارث

(b) حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت عبیدہؓ بن حارث

(c) حضرت عبیدہؓ بن حارث، حضرت عکاشہؓ، حضرت عبداللہؓ بن زبیر

(d) حضرت حمزہؓ، حضرت معاذؓ، حضرت سلمانؓ فارسی

سوال نمبر 19- اسلامی اخوت کے نتیجے کے طور پر پیدا ہونے والی تین خصوصیات ہیں۔

(a) اتحاد، اتفاق، برکت　　(b) اتحاد، خودداری، برتری

(c) پیار محبت، انکساری، خودنمائی　　(d) اتحاد، ہمدردی، برتری

سوال نمبر 20- جمعہ کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

(a) جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور خرید و فروخت ترک کر دو

(b) جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے ہو سکے تو اللہ کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور خرید و فروخت ترک کر دو

(c) نماز جمعہ سے پہلے مسجد میں جتنی جلدی ممکن ہو مسجد میں چلے جانا چاہیے۔

(d) جس کے پاؤں جمعہ کی نماز کے لیے جاتے ہوئے غبار آلود ہو گئے اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ حرام کر دے گا۔

Result.pk